سوال

(335) گرمی کی وجہ سے کم کپڑوں میں نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میرے پاس قمیص پاجامہ کوٹ وغیرہ ہے۔ گرمی کی وجہ سے ایک رومال اوڑھ کر اور پائجامہ پہن کر نماز پڑھاتا ہوں۔ نصف حصہ پیٹ کا اور ناف کے نیچے چار انگل اور کبھی دو انگل کھلا رہتا ہے۔ ایسی حالت میں نماز ہوتی ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ستر کی جگہ کو ڈھانپ کر نماز پڑھے تو نماز ہوجائے گی۔ مگر افضل یہ ہے کہ کپڑے پہن کر نماز پڑھے۔ کیونکہ آپ ﷺ کا زیادہ عمل اسی پر رہا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد01ص534

محدث فتویٰ